کراچی/ راولپنڈی/ اسلام آباد

روزنامہ نوائے وقت (3) 31 اگست 2021ء

Jubilee
LIFE INSURANCE

اعلان برائے عبوری کیش ڈیویڈنڈ-2021 اور کتب کی بندش کی اطلاع

ہم نہایت مسرت کے ساتھ یہ اعلان کرتے ہیں کہ 25 اگست، 2021 کو منعقد ہونے والی جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ (کمپنی) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی میٹنگ میں فی شیئر 3.00 روپے کے عبوری کیش ڈیویڈنڈ یعنی 30% کا اعلان کیا گیا ہے۔

ادائیگی کے تعین کے لیے (کمپنی) کی شیئر منتقلی کتب 03 ستمبر، 2021 سے 09 ستمبر، 2021 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ مندرجہ بالا ادائیگی اُن شیئر ہولڈرز کو کی جائے گی جن کے نام 02 ستمبر، 2021 کو کاروبار بند ہونے تک کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں درج ہوں گے۔

کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرونک طریقے (ای-ڈیویڈنڈ) سے ادائیگی

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور 243 کی تعمیل میں فہرست میں درج تمام کمپنیز (بشمول جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ) کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ حق دار شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈز کی ادائیگی صرف بذریعہ الیکٹرونک موڈ، براہ راست مذکورہ بالا شیئر ہولڈرز کے بینک اکاؤنٹس میں کریں۔

ایکٹ کے سیکشن 242 اور 243 کی لازمی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے فہرست میں درج شدہ تمام کمپنیز کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز سے رابطہ کر کے انھیں بتائیں کہ الیکٹرونک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ کے حصول کے لیے وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کا ریکارڈ درست کرلیں اور ایک نظام وضع کریں کیوں کہ یکم نومبر 2017 سے نافذ العمل ہونے والی تمام ڈیویڈنڈز کی ادائیگیاں صرف بذریعہ الیکٹرونک موڈ ہوں گی۔ مذکورہ بالا ضروریات کی عدم فراہمی کی صورت میں SECP کی ہدایات کے مطابق کیش ڈیویڈنڈ/ڈیویڈنڈز روک لیے جائیں گے۔

SECP کی ہدایات کی تعمیل میں شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بینک اکاؤنٹ کی مکمل تفصیلات مع انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبرز (IBANs) فراہم کردیں تاکہ کیش ڈیویڈنڈز کی ادائیگی، فزیکل کیش ڈیویڈنڈ وارنٹس کے اجراء کے بجائے براہ راست اُن کے بینک اکاؤنٹس میں بذریعہ الیکٹرونک موڈ کی جاسکے۔ اس سلسلے میں شیئر ہولڈرز، بینک مینڈیٹ فارم کمپنی کی درج ذیل ویب سائٹ سے حاصل کرسکتے ہیں۔ https://jubileelife.com/wp-content/uploads/2016/06/Bank-Mandate-Form.pdf.

فزیکل ہولڈنگ کی صورت میں شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ تفویض شدہ فارم کو صحیح طرح پُر کرکے ہمارے شیئر رجسٹرار "سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ" کے پاس جمع کرائیں اور سی ڈی سی اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹ ہونے کی صورت میں، انویسٹر اکاؤنٹ سروسز یا اپنی بروکریج فرم میں، جیسا بھی معاملہ ہو، جمع کرائیں۔

ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

وفاقی حکومت کی عائد کردہ ترامیم کی پیروی میں، فنانس ایکٹ 2019، انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کا سیکشن 150، ایف بی آر نے انکم ٹیکس کی شرح علیحدہ علیحدہ متعین کی ہیں یعنی ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ میں موجود شخص کے لیے ڈیویڈنڈ کی مجموعی رقم کا 15% اور ایکٹو ٹیکس پیئر لسٹ میں غیر موجود شخص کے لیے ڈیویڈنڈ کی مجموعی رقم کا 30%۔ مزید یہ کہ شیئر رجسٹرار کو شیئر ہولڈرز کی جانب سے مطلع کرنے پر جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے حوالے سے اُن کی شرح/شیئرز کے حساب سے ٹیکس کی کٹوتی ہوگی، اگر کوئی ہے، بصورت دیگر اُن کی شیئر ہولڈنگ/شیئرز مساوی تصور کیے جائیں گے۔

کمپنی کا نام	فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹس نمبر	مجموعی شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر		جوائنٹ شیئر ہولڈنگ	
			نام اور سی این آئی سی نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور سی این آئی سی نمبر	شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

مذکورہ بالا معلومات 02 ستمبر، 2021 سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس درج ذیل پتے پر لازماً پہنچ جانے چاہئیں، بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر/ہولڈرز کے پاس شیئرز مساوی طور پر ہیں۔

قابلِ تسلیم ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی ضرورت برائے دعویٰ استثنیٰ، U/S150 انکم ٹیکس آرڈیننس 2001

انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق نمبر 159 کے تحت اگر کسی کے پاس استثنیٰ کا سرٹیفکیٹ ہے یا اس نے متعلقہ عدالت میں استثنیٰ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے ایف بی آر کے خلاف دعویٰ دائر کر رکھا ہے تو ایسی صورت میں ودہولڈنگ ٹیکس سے مستثنیٰ ہونے کے لیے مستند استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا مجاز عدالت سے حاصل کیے گئے حکم امتناعی کی مصدقہ کاپی 02 ستمبر، 2021 تک مہیا کرنا ہوگی۔ مستند استثنیٰ سرٹیفکیٹ یا متعلقہ عدالتی حکم کی عدم دستیابی کی صورت میں ٹیکس کی کٹوتی متعلقہ قانون کے مطابق کی جائے گی۔

شیئر رجسٹرار
سی ڈی سی- شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ
سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک-بی، ایس-ایم-سی-ایچ-ایس،
مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400
ٹیلیفون: 111-111-150
ٹیلیفون: کسٹمر سپورٹ سروسز
0800-23275 (ٹول فری)

تاریخ: 31 اگست 2021ء

بحکم بورڈ
نجم الحسن جنجوعہ
کمپنی سیکریٹری

www.jubileelife.com UAN: (021) 111-111-554